نیو یارک اسٹیٹ
ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ
ڈیویژن آف لاسنسنگ سروسز
پوسٹ آفس بکس 22052
البنی ، این وائی 12201-2052
کسٹمر سروس:5184747569
www.dos.ny.gov

ڈیویژ ن آف لائسنسنگ سروسز

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Division of Licensing Services

آرمرڈ کار گارڈ (بکتر بند گاڑی کے مُحافِظ) کی جگہ کے لئے درخواست

47 گھنوں کی اتشیں اسلحہ کی ٹریننگ کا کورس اور دورانِ مُلازمت 8 گھنٹوں کی تشیں اسلہ کی سالانہ ٹریننگ کا کورس شامل ہے۔

اگر آپ ڈی سی جے ایس کو اس بات کا ثبوت پیش کر کے اُسے مطمئن کر سکیں کہ آپ نے ایسی ٹریننگ پہلے سے لے رکھی ہے جو آتشیں اسلحہ کی 47 گھنٹوں کی ٹریننگ کے برابر یا اُس سے اوپر ہے، تو آپ ڈی سی جے ایس سے چھوٹ (ویور) کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ڈی سی جے ایس سے چھوٹ کی درخواست براہِ راست اُن کو فون نمبر 457-4135 (518) پر کی جاسکتی ہے، یا ان کے پتہ 80 ساؤتھ سوان اسٹریٹ، 3 فلور ، البنی، نیو یارک 12210-8002 پر تحریری طور سے کی جا سکتی ہے۔اگر یہ درخواست منظور ہوتی ہے تو وہ آپ کو ایک ویور لیٹر (چھوٹ کا مکتوب) جاری کریں گے جس کو اپ اپنی درخواست کے ساتھ نتھی کریں گے۔

ایکٹیو ڈیوٹی پولیس آفیسرس:

ایکٹیو ڈیوٹی پولیس آفیسرس اگر آرمرڈ کار گارڈ کی حیثیت سے مُلازمت کرنا چاہتے ہیں تو اُن کو ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ میں رجسٹریشن کرانا ہوگا۔ ایکٹیو ڈیوٹی پولیس آفیسرس کو آتژیں اسلحی کی کسی ٹریننگ کو مکمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن آپ کو اپنی آرمرڈ کار گارڈ کی درخواست اپنے اسٹیٹس کی سرٹیفیکیٹ لگانی ہوگی۔ اس میں یہ لکھا ہونا چاہیئے کہ آپ ایک ایکٹیو ڈیوٹی پولیس آفیسر ہیں اور یہ کہ آپ کی سٹینڈنگ بہتر ہے۔ اسٹیٹس کی یہ سرٹیفیکیٹ سرکاری لیٹر ہیڈ پر ہونی چاہیئے اور اس پر چیف یا پرسنیل آفیسر کے دسرخط ہونے چاہیئں۔

وہ افراد جو سابق میں پولیس افیسرس کی حیثیت سے کام کر چکے ہیں سیویلین تصوُر کئے جائیں گے۔ اگر کوئی پولیس آفیسر پچھلے پانچ سالوں کے دوران ریٹائر ہوا ہے تو وہ 47 گھنٹوں کی آتشیں اسلحہ کی ٹریننگ سے چھوٹ کا مُستحق ہے۔ چھوت (ویور) کی درخواست ڈی سی جے ایس سے براہِ راست ان کے فون نمبر 457-4135 (518) پر کی جاسکتی ہے ، یا ان کے پتے 80 ساؤتھ سوان اسٹریٹ، 3 فلور، البنی، نیو یارک 12210-8002پر تحریری طور سے کی جا سکتی ہے۔ منظور ہونے پر وہ آپ کو ایک ویور لیٹر جاری کریں گے جسے آپ اپنی درخواست کے ساتھ داخل کریں گے۔

وہ افراد جو فی الوقت ایکٹیو ڈیوٹی پولیس آفیسرس نہیں ہیں اور ویور کے مستحق نہیں ہیں اُن کو 47 گھنٹوں کی آتشیں اسلحہ کی ٹریننگ کا کورس مُکمل کرنا ہو

آرمرڈ کار گارڈ کی درخواست

پیس آفیسرس:

آرمرد کار گارڈ کی خدمات انجام دینے کے لئے ایکٹیو ڈیوٹی پیس آفیسرس کو ڈپارٹمنٹ آف آسٹیٹ میں رجسٹریشن کرانا ہوگا۔ ایکٹیو ڈیوٹی پیس آفیسرس آتژیں اسلحہ کی مزید ٹریننگ سے مُستثنیٰ کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ انہوں نے ایسی ٹریننگ لی ہو جو 47 گھنٹوں کی ٹریننگ کے برابر یا اس سے اپر ہے۔

ایکٹیو ڈیوٹی پیس آفیسرس جنہوں نے لمبے آتشیں اسلحہ کے ساتھ پیس آفیسرس کا بیسک کورس مکمل کیا ہے ان کو چاہیئے کہ وہ اپنی درخواست کے ساتھ اپنی بیسک سرٹیفیکیٹ کو داخل کریں۔

بیسک کورس کی سرٹیفیکیٹ جُدا ہونے کے چار سال تک بر حق رہتی ہے۔ وہ ریٹائرڈ پیس آفیسرس جنہوں نے لمبے آتشیں اسلحہ کی ٹریننگ حاصل کی، وہ چھوٹ کے مُستحق ہو سکتے ہیں۔ ویور کی درخواست ڈی سی جے ایس سے اُن کے فون نمبر (518) 457-4135 پر کی جاسکتی یا اُن کے پتہ 80 ساؤتھ سوان اسٹریٹ، 3 فلور، البنی، نیو یارک 12210-8002پر تحریری طور سے کی جا سکتی ہے۔ منظور ہونے پر وہ ایک ویور لیٹر جاری کریں گے جس کو درخواست کے ساتھ داخل کرنا ہوگا۔

آرمرڈ کار گارڈ کی درخواست

وہ افراد جو فی الحال ایکٹیو ڈیوٹی پیس آفیسر نہیں ہیں ، نہ اُن کے پاس بیسک کورس کی برحق سرٹیفیکیٹ ہے، یا جو ویور کے مُستحق نہیں، اُن کو 47 گھنٹوں کی آتشیں اسلحہ کی ٹریننگ کا کورس مکمل کرنا ہوگا۔

فیس اور رجسٹریشن کی میعاد:

درخواست بھرنے سے پہلے اس پیکیج میں دی گئی ہدایات کو احتیاط سے پڑھیں۔ نا مُکمّل فارم کو واپس کردیا جائے گا۔ اگر کوئی اطلاع نہیں دی گئی یا غلط بیانی کی گئی یا تمام باتوں کو ظاہر نہیں کیا دیا تو اسے رجسٹریشن کو رد کرنے یا یا جاری شُدہ رجسٹریشن کی معطلی یا منسوخی کی معقول بُنیاد مانا جائے گا۔

مُکمل درخواست میں ان باتوں کو مشمول ہونا چاہیئے: (**اس چیک لسٹ کو** استعمال کرکے یقینی بنائیں کہ آپ نے تمام مطلوبات کو شامل/مکمل کر دیا ہے۔)

- مکمل، دستخط شُدہ درخواست ؛
- دستخط شُدہ ڈی ایم وی انفارمڈ رضا مندی ؛
- الیکٹرونی فنگر پرنٹنگ کے ثبوت میں کسی منظوری یافتہ وینڈر کی جانب سے جاری رسید ؛
- نیو یارک اسٹیٹ کے ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کے حق میں قابلِ ادا پچاس ڈالر کی درخواست فیس ۔ " درخواست کی مطلوبات –ادائگی کی قابلِ قبول شکلیں"؛
- آتشیں اسلحہ چلانے کی 47 گھنٹوں کے ٹریننگ کورس کی تکمیل کا سرٹیفیکیٹ (بشرطیکہ اس سے چھوٹ نہ دی گئی ہو ؛
- درخواست فارم کے سوالات کے جواب میں مانگی گئی کوئی اضافی دستاویز :

درخواست کی مطلوبہ شرائط:

آرمرڈ کار گارڈ کی کی ڈیوٹیاں:

جیسا کہ جنرل بزنس لا میں اس کی تعریف کی گئی، ایک آرمرڈ کا گارڈ وہ فرد ہے جیسے جیسے کوئی آرمرڈ کار کیریر ان فرائض کے لئے مُلازم رکھے: (1) وہ ٹرانسپورٹیشن (نقل و حمل) کو محفوظ بنائے ؛ (9) وہ قیمتی مال کی ایک جگہ سے دوسری جگہ کو مُنتقلی کی حفاظت اور نگہداری کرے ؛ **یا** (3) اے ٹی ایمس کو بلیٹ پروف بکتر بند گاڑیوں کے ذریعہ نقدی پہونچانے کا کام کرے۔ مزید بر آں بکتر بند کار گارڈ کو ہتھیار رکھنا چاہیئے یا اُسے ہتھیار تک رسائی حاصل ہونی چاہیئے۔

چنانچہ آرمرڈ کار کے وہ ملازمین جو آرمرڈ گاڑی کو ڈرایو کرتے ہیں یا غاڑی کے ساتھ جاتے ہیں اور جن کے پاس ہتھیار نہیں یا جن کو آتشیں اسلحہ تک رسائی کی اجازت نہیں ، وہ اس قانون کے تحت نہیں آتے اور اُن کو رجسٹریشن نہی کرانا ہے۔

آرمرڈ کا گارڈ کے رجسٹریشن کے لئے کون درخواست دے؟

اُن تمام افراد کو جو آرمرڈ کار گارڈ کا دھندا کرتے ہیں اُن کو مطلوبہ ترینگ پوری کر کے ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ میں رجسٹریشن کرانا چاہیئے۔

مطلوبہ دستاویزات :

آرمرڈ کار گارڈ کی حیثیت سے رجسٹر ہونے کے لئے اُمیدواروں کو چاہیئے کہ اپنی درخواست اور 47 گھنٹوں کی آتشیں اسلحہ چلانے کے ٹریننگ کورس کو مکمل کرنے کی سرٹیفیکیٹ داخل کریں۔ اس کے بدل کے طور پر درخواست وصول ہونے کے 180 دنوں کے اندر آتشیں اسلحہ کو چلانے کی ٹریننگ کا کورس مکمل کیا جاسکتا ہے۔ اس ٹریننگ کے دوران اور بشرطیکہ وہ کسی جُرم میں سزا یاب نہ ہو (اور اس کی تصدیق فنگر پرنٹس بھیج کر ڈی سی جے ایس کی رپورٹ سے کی جاتی ہے) ، درخواست گُزار کو ایک مشروط اجازت نامہ جاری کیا جائے گا جو متعلقہ مرد یا زن کو آرمرڈ کار گارڈ کی حیثیت سے کام کرنے کا اہل بنائے گا۔

جب وہ آتشیں اسلحہ چلانے کی 47 گھنٹوں کے کورس کو مکمل کرنے کا ثبوت پیش کرے گا تو اس فعد کو ایک فوٹو آئی ڈی کارڈ (تصویر لگا شناخت کارڈ) جاری کیا جائے گا جو اس بات کا ثبوت ہے کہ اسے با قاعدہ طور سے آرمرڈ کار گارڈ کا کام کرنے کی اجازت ہے۔

آتشیں اسلحہ کی ٹریننگ کے مُقتضیات :

آرمرڈ کار گارڈ کے لئے مطلوب ہے کہ وہ ڈی سی جے ایس سے منظور شُدہ ٹریننگ پروگرام کو مکمل کرے جس میں

آرمرڈ کار گارڈ (بکتر بند گاڑی کے مُحافِظ) کی جگہ کے لئے درخواس

اضافی مطلوبات :
بچوں کی سپورٹ کا اسٹیٹمنٹ:

نیو یارک اسٹیٹ میں (جنرل آبلیگیشنز لا کے تحت) چائلڈ سپورٹ اسٹیٹمنٹ داخل کرنا لازمی ہے خواہ آپ کے یہاں بچے ہوں یا نہ ہوں اور خواہ آپ پر اُن کی پرورش کی ذمہ داری ہو یا نہ ہو۔ **کوئی بھی شخص جو چائلڈ سپورٹ کے بقایا جات چار مہینہ یا اس سے زیادہ مدت تک جمع نہ کرے تو تادیبی کارروائی کے طور پر اس کے بزنس، پروفیشنل لائسنس، اور ڈرائیور لائسنس کو معطّل کیا جا سکتا ہے۔**

اگر کوئی شخص چائلڈ سپورٹ کی قانونی ذمہ داری کے نفاذ کو روکنے کی غرض سے جھوٹا تحریری اعلان داخل کرے گا تو وہ پینل لا کے سیکشن 175.35 کے تحت سزا پانے کا مستحق ہو گا۔ دھوکہ دہی کی غرض سے کسی اسٹیٹ یا لوکل گورنمنٹ کو جھوٹی دستاویز فائل کرنا "ای" درجہ کی فیلنی (جریمۂ کُبریٰ) مانا جاتا ہے۔

پرائیویسی (مَحرمانیّت) کی اطلاع دہی

ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ پر لازم ہے کہ وہ تمام لائسنس یافتگان کے سوشل سیکیورٹی اور ایمپلائیر کے آئیڈنٹیفیکیشن نمبروں کو حاصل کرے۔ اس طرح کی ذاتی معلومات کو طلب کرنے اور درج رکھنے کی اتھارٹی ٹیکس لا کے سیکشن 5 اور جنرل آبلیگیشنز لا کے سیکشن 3-503 میں موجود ہے۔ لہذا تمام تفصیلات کا اِفشاء آپ کے لئے اِلزامی ہے۔ اس طرح کی جمع کی گئی معلومات سے ٹیکسیشن اور فنانس ڈپارٹمنٹ اس قابل ہوتا ہے کہ وہ اُن افراد، کار و باروں اور دوسرے لوگ کو شناخت کرے جو ٹیکس کی ادائگی سے بچتے ہیں یا اپنی ٹیکس کی دینداری کو کم کر کے دکھاتے ہیں، اور اُن لوگوں کی پہچان کی جاتی ہے جو ٹیکسیشن اور فنانس کمشنر کے زریعہ نافزکئے گئے ٹیکسوں سے مُتاثّر ہوتے ہیں۔ ان معلومات کو ٹیکس وصولی کے بند و بست میں اور کسی بھی دوسرے مقصد کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے جس کی ٹیکس قانون اجازت دے۔ ان معلومات کو چائلڈ سپورٹ کو نافذ کرنے والی اجنسیاں یا اس اسٹیٹ اور دوسری اسٹیٹس میں اس کے نمائندوں کے ذریعہ استعمال کیا جاسکتا ہے، جن کو سوشل سیکیورٹی ایکٹ کے ٹائٹل فور ڈی کے تحت قائم کیا گیا ہے اور جس میں سپورٹ کے نظام کو قائم کرنے، ان کی تعدیل کرنے اور ان کو نافذ کرنے کا بند وبست کیا گیا ہے لیکن جو پبلک کو مہیا نہیں ہے۔ اگر کوئی شخص اپنا نمبر نہیں دے سکتا تو اس پر لازم ہے کہ اس کی تحریری صفائی داخل کرے۔ ان معلومات کو ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اینڈ منجمنٹ اپنے لائسنسنگ انفرمیشن سسٹم میں محفوظ رکھے گا جس کا دفتر نمبر ایک کامرس پلازا، 99 واشنگٹن ایونیو، البنی، نیو یارک 12231-0001میں واقع ہے۔

آرمرڈ کار گارڈ کے رجسٹریشن کے لئے نا قابلِ واپسی درخواست فیس پچاس ڈالر ہے جو نیو یارک اسٹیٹ کے غپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کے حق میں قابلِ ادائگی ہے۔ رجسٹریشن دو سال تک کے لئے کار آمد ہوگا۔ ہر دو سال بعد پچاس ڈالر کی فیس ادا کر کے اس کی تجدید کرائی جا سکتی ہے۔

ادائگی کی قابلِ قبول شکلیں:
آپ ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کے حق میں قابلِ ادائگی چیک یا منی آرڈر کے ذریعہ ادا کر سکتے ہیں ، یا کریڈٹ کارڈ اتھورائزیشن فارم بھر کر ماسٹر کارڈ یا ویزا کے ذریعہ ادائگی کر سکتے ہیں۔ یہ فارم اس سائٹ پر مہیا ہے:
www.dos.ny.gov/forms/licensing/1450-f-a.pdf
کیش قابلِ قبول نہیں ہے۔ درخواست فیس نا قابلِ واپسی ہے۔ اگر آپ کے بینک نے چیک واپس کیا تو 20 ڈالر کی فیس وصول کی جائے گی۔
اپنی درخواست کو بھیجنے سے پہلے یقینی بنائیں کہ کہ آپ نے تمام مطلوبہ دستاویزوں کو نتھی کردیا اور نیو یارک ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کو نا قابلِ واپسی فیس ادا کر دی ہے۔ (درخواست بھیجنے کے لئے مُناسب میلنگ ایدرس کو اس درخواست فارم کے سِرے کو دیکھیں۔)

فنگر پرنٹ کی ضرورت:

الیکٹرونی فنگر پرنٹنگ کے لئے درخواست دہندگان آئی ڈیمیا کے آئیڈنٹوگو کے ذریعہ کارروائی کر سکتے ہیں

اِلیکٹرونک فنگر پرنٹنگ کی کارروائی:

شیڈیول اپوائنٹمنٹ: درخواست گُزار کو چاہیئے کہ وہ فنگر پرنٹ دینے کے مقصد سے آئی ڈیمیا کے آئیڈنٹوگو سے وقت لیں۔ اپنے نزدیک ترین مرکز پر فنگر پرنٹ دینے کے لئے اُن کی ویب سائٹ کو دیکھیں:www.indentogo.com یا فون نمبر 877-472-6915 پر اُن کو کال کریں۔
شیدیولینگ کے مقصد سے آپ کو مطلوبہ سروس کوڈ 1545J5کو استعمال کرنا ہوگا۔اگر درست لائسنس ٹائپ یا سروس کوڈ کو استعمال نہیں کیا تو دوبارہ پرنٹ کرنا ہوگا۔
اپوائنٹمنٹ کے لئے اپنے ساتھ کیا لائیں: اپنی شناخت کی منظور شُدہ اور قابلِ قبول دستاویز – فہرست کے لئے دیکھیںwww.dos.ny.gov/licensing/fingerprinting.html

الیکٹرونک فنگر پرنٹنگ کے مکمل ہونے کا ثبوت: فنگر پرنٹ کی کارروائی مکمل ہونے پر وینڈر آپ کو فنگر پرنٹ کی تکمیل کے ثبوت کے طور پر دو رسیدیں مہیا کرے گا۔ ایک رسید کو اپنی مکمل درخواست میں لگائیں۔ دوسری کاپی آپ کے ایمپلائر کے پاس رہے گی۔

مہربانی کرکے نوٹ فرمائیں: فنگر پرنٹس کی رسیدیں فنگر پرینٹنگ کی تاریخ سے فقط پانچ مہینوں کے لئے کار آمد رہتی ہیں۔ لہذا اصل درخواست کو فنگر پرنٹنگ کی تاریخ سے پانچ مہینوں کے اندر داخل کردیں۔ اگر اس دوران آپ نے درخواست جمع نہیں کی تو آپ کو فنگر پرنٹنگ کی کارروائی دہبارہ کرنی پڑے گی۔

فنگر پرنٹ کی فیس:

فنگر پرنٹنگ کی تمام فیس (بشمول الیکٹرونی اور رولڈ فنگر پرنٹ طریقہ کے) آئی ڈیمیا کے حق میں قابلِ ادائگی ہیں۔

- دیویژن آف کریمینل جسٹس سروسز (ڈی سی جے ایس) کی فیس : 75 ڈالر
- فنگر پرنٹ وینڈر کی مُعیّنہ فیس (جو ہر سال کے جنوری اور جولائی کے مہینوں میں بدلتی ہے)

دیکھیئے "ای-فنگر پرنٹنگ" کا لنک ذیل کی ویب سائٹ کے اوپری حصّہ میں دائیں جانب:
www.dos.ny.gov/licensing

ادائگی کی قابلِ قبول شکلیں :
نگر پرنٹ فیس کی ادائگی چیک، منی آرڈر یا کریڈٹ کارڈ سے آئیڈیمیا کی آئیڈنٹوگو کے نام کی جائے۔
نوٹ: *فنگر پرنٹ فیس درخواست فیس کے علاوہ ہے۔*

کیا آپ ووت دینے کے لئے رجسٹر ہونا چاہیں گے؟

مہربانی کر کے اس سائٹ پر نیو یارک اسٹیٹ کے بورڈ آف الکشنز سے رُجوع کریں:
www.elections.ny.gov/votingregister.html
یا نیو یارک اسٹیٹ کا ووٹر رجسٹریشن فارم طلب کرنے کے لئے اس نمبر پر فون کریں:
1-800-FOR-VOTE
آن لائن رجسٹریشن کے لئے اس سائٹ پر جائیں:
www.ny.gov/services/register-vote

کیش#:

FEE: $50

فقط دفتری استعمال کے لئے

یو آئی ڈی: _____ سابق یو آئی ڈی _____ کلاس: _____ کوڈ: _____

نیو یارک اسٹیٹ
ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ
ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ
سیکیورٹی گارڈ
پوسٹ آفس بکس 22052
البنی، نیو یارک 2052- 12201
کسٹمر سروس: 7569 474 (518)
www.dos.ny.gov

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY. | Division of Licensing Services

آرمرڈ کار گارڈ کے لئے درخواست

ہدایات: فارم کو نیلی یا کالی انک سے بھرا جائے۔ نا مکمل فارم کا معالجہ نیں کیا جائے گا۔ اس فارم کو بھرنے کے لئے صفحہ ایک اور دو پر دی گئی مزید ہدایات سے رُجوع کریں۔

درخواست دہندہ سے متعلق معلومات

تارخِ پیدائش: - -

ماہ تاریخ سال

سوشل سیکیورتی نمبر: - - -

(ہدایات-پرائیویسی نوٹیفکیشن دیکھیں)

آخری نام

درخواست دہندہ کا نام:

نام کا لاحقہ *(مثلاً : سینئر/جونیئر/عدد*

درمیانی نام

پہلا نام

آخری نام

عُرفیّت یا

پہلا نام: -

درمیانی نام

نام کا لاحقہ *(مثلاً : سینئر/جونیئر/عدد*

پہلا نام

سکونت کا پتہ

اپاٹمنٹ/یونٹ/پوسٹ بکس

اسٹریٹ کا پتہ (مطلوب) - ڈلیوری کو یقینی بنانے کے لئے پوسٹ باکس شامل کیا جا سکتا ہے۔

شہر

اسٹیٹ

زپ کوڈ+4

کونٹی (اگر نیو یارک اسٹیٹ میں ہے تبھی درج کریں)

ملک /قوم (مندرجہ بالا پتہ کا)

دن کے وقت کا فون (ایریا کوڈ درج کریں)

فیکس نمبر - اگر ہو (ایریا کوڈ درج کریں)

ای-میل کا پتہ (اگر ہو)

ڈی ایم وی رضا مندی سیکشن - آپ کی فوٹو ائی ڈی سے متعلق اہم معلومات

ڈپارٹمنت اف اسٹیٹ نیو یارک اسٹیٹ کے ڈپارٹمنٹ آف موٹر ویہیکلس کی مُعاونت سے فوٹو آئیڈنٹیٹی کارڈ جاری کرتا ہے۔ اگر آپ کے پا س نیو یارک اسٹیٹ کا چالو ڈرائیور لائسنس یا غیر ڈر ائیور آئی ڈی کارڈ ہے تو مہربانی کرکے اپنی ڈی ایم وی آئی ڈی کا 9 ڈیجیت والا نمبر ذیل کی خالی جگہ میں درج کریں۔ اس کے بعد انفارمڈ کنسنٹ کو پڑھیں اور اس فارم پر دستخط ثبت کریں اگر آپ کے پاس نیو یارک اسٹیٹ کا فوٹو ڈرائیونگ لائسنس یا غیر ڈرائیور آئی ڈی کارڈ نہیں ہے تو مہربانی کرکے اس فارم کو بھرنے سے پہلے ڈی ایم وی کے قریبی دفتر میں جائیں۔ مزید تفصیل کے لئے ہماری منسلکہ نوٹس "فوٹو آئی ڈی کے لئے درخواست" کو پڑھیں۔

آرمرڈ کار گارڈ کے لئے درخواست

انفارمڈ کنسنٹ (سوچی سمجھی رضا مندی) میں نیو یارک اسٹیٹ کے ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ اور نیو یارک اسٹیٹ کے ڈپارٹمنٹ آف موٹر وہیکلز ڈی ایم وی) کو اختیار دیتا ہوں کہ ہ میرے لئے ایک آئی ڈی کارڈ بنائے جس پر میرا ڈی ایم وی کا فوٹو ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ ڈی ایم وی اس کارڈ کو میرے اس پتہ پر بھیجے گا جسے میں نے ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ میں درج کرایا ہے۔ میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ دپارٹمنٹ آف اسٹیٹ اور ڈی ایم وی میرے ڈی ایم وی فوٹو کو بعد میں تمام آئی ڈی کارڈس بنانے کے لئے استعمال کریں گے جب تک میں ڈپارٹمنٹ اف اسٹیٹ میں اپنے لائسنس/رجسریشن کو برقرار رکھوں۔

ڈی ایم وی آئی ڈی# _____ - _____ - _____

X _____

درخواست دہندہ کے دستخط *دستخط کرنے کی تاریخ*

بیک گراؤنڈ کے سوالات

ذیل کے سوالات کا جواب یا تو "ہاں" یا "نہیں" کو چیک کرکے دیں

☐ ہاں ☐ نہیں 1. کیا آپ فی الحال ایک ایکٹیو ڈیوٹی پولیس آفیسر ہیں؟
→ ***اگر "ہاں"*** *تو اپنے اسٹیٹس کی سرٹیفیکیٹ داخل کریں.*

☐ ہاں ☐ نہیں 2. اگر آپ فی الحال ایک ایکٹیو ڈیوٹی پیس آفیسر ہیں جنہوں نے آتشیں اسلحہ کی ٹریننگ کا مطلوبہ کورس مکمل کیا ہو؟
→ ***اگر "ہاں"*** *تو اپنے اسٹیٹس کی سرٹیفیکیٹ داخل کریں.*

☐ ہاں ☐ نہیں 3. کیا آپ کو کبھی اس اسٹیٹ میں یا کسی دوسری جگہ کسی ایسے جریمہ یا جِنایت میں سزا کا حُکم ہوا جس کا شمار جنایتِ خفیفہ یا جریمۂ کُبریٰ میں ہوتا ہو؟
→ ***اگر "ہاں"*** *تو آپ اس درخواست کے ساتھ ایک تحریری صفائی منسلک کریں جس میں متعلقہ مقام، عدالتِ با اختیار، جنایت کی نوعیّت، سزا کی نوعیّت اور/یا دیگر تصفیہ کو بیان کریں۔ آپ کو فردِ جُرم کی ایک نقل (اتّہام، جُرم کی اطلاع، اور فیصلہ کی ایک نقل داخل کریں۔ اگرآپ نے نا اہلیّا ت سے ریلیف کی سرٹیفیکیٹ، یا اچھے چال چل کی سرٹیفیکیٹ، یا گورنر کی معافی حاصل کی ہے تو اس ایک نقل اس درخواست کے ساتھ داخل کریں.*

☐ ہاں ☐ نہیں 4. کیا آپ کے خلاف س اسٹیٹ میں یا کسی چدوسری جگہ کسی بھی عدالت میں جِنائی اتّہامات (متعلق بہ جنایاتِ خفیفہ یا جرائمِ کُبریٰ زیر سماعت ہیں؟
→ ***اگر 'ہاں"*** *تو فردِ جُرم (ادانت، یطلاعِ جُرم یا شکایت) کی ایک نقل داخل کریں.).*

☐ ہاں ☐ نہیں 5. کیا نیو یارک اسٹیٹ یا کسی دوسری جگہ آپ کو یا آپ کی حالیہ یا سابقہ کمپنی جس میں آپ پرنسپل رہے ہوں، کا کوئی لائسنس یا پرمٹ کبھی منسوخ کی گئی یا معطّل کی گئی یا اس کے اجراء سے انکار کیا
→ ***اگر "ہاں"*** *تو اس بارے میں اپنی صفائی پیش کریں.*

☐ ہاں ☐ نہیں 6. کیا آپ کبھی کسی اصلاحی ادارہ یا قانون کو نافذ کرنے والی ایجنسی سے نا اہلی یا بد چلنی کی بنیاد پر بر طرف کئے گئے، کسی با صلاحیت عدالت ی یا سماعت کرنے والے اداری افسر، یا اداری قانون کے جج، یا حَکم، یا تحکیمی پینل یا کسی بھی قانوناً تشکیل کیے گئیے پینل یا ٹرائبونل کے ذریعہ؛ یا نا اھلی یا بد چلنی کا اتّہام لگنے کے بعد کسی ایسی اجنسی سے مُستعفی ہوئے؟
→ ***اگر "ہاں"*** *تو اس بارے میں اپنی صفائی پیش کریں.*

☐ ہاں ☐ نہیں 7. کیا آپ نے کبھی اس اسٹیت میں یا کہیں دوسری جگہ آرمرڈ کار گارڈ، آرمرڈ کار کیریر، سیکیورٹی گارد، واچ گارڈ، یا گشت ایجنسی، یا ضمانت نافذ کرنے والے ایجنٹ، یا پرائیویٹ تفتیش کار کی حیثیت سے سےلائسنس یا رجسٹریشن کی درخواست دی؟
→ ***اگر "ہاں"*** *براہ کرم UID # یا Reg فراہم کریں.* _____ #

آرمرڈ کار گارڈ کے لئے درخواست

چائلڈ سپورٹ کا اسٹیٹمنٹ

اس درخواست پر دستخط کرکے، اس درخواست پر دستخط کرکے میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس درخواست کی تاریخ میں میرے اوپر چائلڈ سپورٹ کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے، **یا** اگر میرے اوپر چائلڈ سپورٹ کی رقم کا بقایا چار یا اس سے زیادہ مہینوں کے لئے واجب الاداء نہیں ہے، یا میں اپنی آمدنی سے کٹوتی کے ذریعہ ادائگی کر رہا ہوں
یا عدالت کے ذریعہ مُقرر رقم کی ادائگی کر رہا ہوں ، یا متعلقہ فریقوں کے درمیان طے شُدہ پلان کے مُطابق ادائگی کر رہا ہوں ،
یا میری چائلڈ سپورٹ کی ذمہ داری ہنوز عدالت میں زیر سماعت ہے، یا مجھے پبلک اسسٹنس یا سپلمنٹل سیکیورٹی انکم مل رہی ہے۔

درخواست دہندہ کی جانب سے اقرار

میں دروغ، حلفی کی عقوبات کے تحت اقرار کرتا ہوں کہ میں نے اس درخواست میں جو بیانات دئے لہیں وہ سچ اور درست ہیں۔ میں مزید اقرار کرتا ہوں کہ میں نے جن رل بزنس لا کے آرٹیکل 8 سی کے منصوصات اور اور اس کے تحت لاگو کئے گئے احکام و ضوابط کو پڑھ لیا ہے۔

X _____ _____

درخواست دہندہ کے دستخط *دستخط کرنے کی تاریخ*

یہاں اپنا نام پرنٹ کریں: _____

اگر آپ کے پتہ میں کوئی تبدیلی ہو ئی ہو تو نہایت اہم ہے کہ اپ اس کی اطلاع نیو یارک اسٹیٹ کے ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کو کریں تاکہ آپ کو لائسنس کی تجدید سے متعلق نوٹسیں اور آپ کے لائسنس سے متعلق دوسری اطلاعات صحیح پتہ پر پہونچ سکیں۔
اس درخواست کو سپردِ ڈاک کرنے سے پیشتر یقینی بنائیں کہ آپ نے تمام مطلوبہ دستاویزوں کو منسلک کر دیا ہے اور ڈپارٹمنٹ آف اسٹیٹ کو قابلِ ادائگی نااقابلِ واپسی فیس جمع کردی ہے۔ *(مُناسب میلنگ ایڈّرس کے لئے اس فارم کا اوپری سرا دیکھیں۔)*